# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 21 September 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۱ ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت: 09.00 سے 09.10 بجے

***** ***** *****

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ روایتی مہارتیں بھارت کی شاندار تاریخ کی بنیاد ہیں ' پی ایم وِشوکرما اسکیم کی سالگرہ کے موقع پر وزیراعظم کا اظہار خیال

☆ ریاستی حکومت کی آچاریہ چانکیہ فروغِ ہنرمندی مرکز اسکیم اور پُنیہ شلوک اہلیہ دیوی خواتین اسٹارٹ اَپ اسکیم کا وزیراعظم کے ہاتھوں افتتاح

☆ جالنہ ضلع میں ایس ٹی بس اور ٹرک کے درمیان تصادم کے سبب 6 مسافر ہلاک اور 23 زخمی

☆ ناندیڑ کے سابق رکن پارلیمان بھاسکر راؤ پاٹل کھت گاؤنکر کانگریس پارٹی میں شامل

اور

☆ بانگلہ دیش کے خلاف پہلے ٹیسٹ کرکٹ میچ میں بھارت کو 308 رنوں کی سبقت

اب خبریں تفصیل سے...

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ روایتی مہارتیں بھارت کی شاندار تاریخ کی بنیاد ہیں۔ وزیراعظم کل وردھا میں پی ایم وِشوکرما اسکیم کی سالگرہ کے موقع پر منعقدہ ایک خصوصی پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ اِس اسکیم کی سالگرہ کی تقریب کے لیے وردھا کی مقدس سرزمین کا انتخاب کیا گیا ہے۔ اِس موقع پر انھوں نے بابائے قوم مہاتما گاندھی اور وِنوبا بھاوے کو یاد کیا۔ اِس پروگرام میں گورنر سی پی رادھا کرشنن ' MSME کے مرکزی وزیر جتن رام مانجھی ' ہنرمندی کی ترقی کے مرکزی وزیرِمملکت جینت چودھری' وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے' نائب وزراءاعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار موجود تھے۔

اپنی تقریر کے دوران وزیراعظم نے بتایا کہ وشوکرما اسکیم صرف ایک سرکاری اسکیم نہیں ہے بلکہ یہ ترقی یافتہ بھرات کا روڈ میپ ہے۔

وِشوکرما یوجنا کے وَل سرکاری پروگرام بھر نہیں ہے۔ یہ یوجنا بھارت کے ہزاروں ورش پُرانے کَوشل کو وِکست بھارت کے لیے اِستعمال کرنے کا ایک روڈمیپ ہے۔ آپ یاد کریئے ہمیں اِتہاس میں بھارت کی سمرُدّھی کے کِتنے ہی گَورَوشالی ادھیائے دیکھنے کو ملتے ہیں۔ اِس سمرُدّھی کا بڑا آدھار کیا تھا؟ اِس کا آدھار تھا ہمارا پارمپرِک کوشل۔

اِس پروگرام میں وِشوکرما اسکیم کے استفادہ کنندگان کو وزیراعظم کے ذریعے ڈِجیٹل طور پر شناختی کارڈ اور سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔ اِس کے علاوہ اُن کے ہاتھوں اِس تقریب میں وِشوکرما اسکیم کا ایک سال مکمل ہونے پر ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا گیا۔ اِس اسکیم کے 75/ہزار استفادہ کنندگان کو قرضوں کی منظوری دی گئی ہے۔ جن میں سے 18/کو نمائندوں کے طور پر قرض کے چیک دیئے گئے۔

وزیراعظم کو ریاست کے تمام تکنیکی تعلیمی اِداروں میں قائم سنوِدھان مندروں کی نقل پیش کرتے ہوئے خوش آمدید کیا گیا۔ اِسی طرح وزیراعظم نے کل امراوتی میں پی ایم مِتر پارک نامی ٹیکسٹائل کامپلیکس کا سنگِ بنیاد رکھا۔ 1000/ایکر رقبے پر تعمیر کیے جانے والے اِس پروجیکٹ کو مہاراشٹر اِنڈسٹریل ڈیولپمنٹ کارپوریشن تیار کررہا ہے۔ اِس مقام پر منعقدہ نمائش میں وزیراعظم نے شرکت کی اور مختلف کاریگروں کے بوتھوں کا دورہ کیا اور اُن کی بنائی ہوئی اشیاء کا جائزہ لیا۔ یہ نمائش آج اور کل سب کے لیے کھُلی ہے۔

***** ***** *****

وزیراعظم نے کل مہاراشٹر حکومت کی آچاریہ چانکیہ فروغِ ہنرمندی مرکز اسکیم اور پُنیہ شلوک اہلیہ دیوی ہولکر خواتین اسٹارٹ اَپ اسکیم کا افتتاح کیا۔ ریاست کے ایک ہزار کالجوں میں فروغ ہنرمندی کے مراکز قائم کیے جارہے ہیں۔ اِن میں چھترپتی سنبھاجی نگر کے 33/کالج ناندیڑ 28/لاتور 19/ دھاراشیو 18/ اور پربھنی ضلع کے 14/کالج شامل ہیں۔ اِس موقع پر منعقدہ پروگرام کو چھترپتی سنبھاجی نگر کے چھترپتی شاہو مہاراج کالج آف اِنجینئرنگ' ناندیڑ کے مہاتما گاندھی کالج آف اِنجینئرنگ' پربھنی ضلع کے دھرماپوری میں واقع بلیسنگ کالج آف نرسنگ اور دھاراشیو میں بِل گیٹس اِنسٹی ٹیوٹ آف کمپیوٹر سائنس اینڈ مینجمنٹ کالج میں براہ راست نشر کیا گیا۔

***** ***** *****

بی جے پی قائد اور مرکزی وزیر داخلہ امِت شاہ آئندہ 24/ اور 25/ستمبر کو مہاراشٹر کا دورہ کریں گے۔ وزیر موصوف 24/تاریخ کو ناگپور اور چھترپتی سنبھاجی نگر جبکہ 25/تاریخ کو ناسک اور کولہاپور میں بی جے پی کارکنان کے ساتھ میٹنگ کریں گے۔

***** ***** *****

ترُوپتی میں پرساد کے لڈو میں چربی کی ملاوٹ کے معاملے میں مرکزی حکومت نے آندھر پردیش حکومت سے فوری طور پر رپورٹ پیش کرنے کے لیے کہا ہے۔ دودھ کی ترقی کے قومی اِدارے کی تجزیہ گاہ کی رپورٹ کے مطابق پرساد کے لڈو کی تیاری میں استعمال ہونے والے گھی میں حیوانی چربی پائی گئی ہے۔ اِسی بیچ ترُوپتی تیرومالا دیواستھان کی انتظامیہ نے متعلقہ کنٹراکٹر کے ساتھ معاہدے کو منسوخ کردیا ہے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** *****

جالنہ ضلع میں کل بس اور ٹرک کے درمیان ہوئے تصادم کے سبب پیش آئے حادثے میں کنڈ یکٹر سمیت 6 /افراد کی موت ہوگئی۔ یہ حادثہ کل صبح جالنہ کے وڑی گودری شاہ راہ پر پیش آیا۔ مرنے والوں میں بس کنڈ یکٹر سمیت 3 /خواتین مسافر ' ٹرک ڈرائیور اور کلینر شامل ہے۔ اِس حادثے میں بس کے 23 /مسافر زخمی ہے۔جن میں سے 3 /کی حالت تشویشناک ہے۔

***** **** *****

ناندیڑ کے سابق رکن پارلیمان بھاسکر پاٹل کھت گاؤنکر ' سابق رکن اسمبلی اوم پرکاش پوکرنا اور یوتھ لیڈر ڈاکٹر مینل پاٹل کھت گاؤنکر نے کل کانگریس پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی۔ ممبئی میں کل پارٹی کے ریاستی صدر نانا پٹولے اور سابق وزیر اِمت دیشمکھ کی موجودگی میں اُنھیں پارٹی میں شامل کیا گیا۔

***** **** *****

بھارت اور بانگلہ دیش کے درمیان چنئی میں کھیلے جا رہے پہلے ٹیسٹ کرکٹ میچ میں کل دوسرے دن بھارت نے 308 /رنوں کی برتری حاصل کر لی ہے۔کل صبح بھارت کی پہلی پاری 376 /رنز بنائے۔ بانگلہ دیش کی ٹیم پہلی اِننگ میں 149 /رنوں پر ڈھیر ہوگئی۔ جب دوسرے دِن کا کھیل رُکا تو بھارت نے دوسری اننگ کے 23 /اوورز میں 3 /وکٹوں کے نقصان رپ 81 /رن بنائے۔

***** **** *****

دھنگر سماج کے لیے ریزرویشن کے معاملے میں قائم سُدھاکر شندے کمیٹی کی توسیع دی گئی ہے۔ ایکسائز کے ریاستی وزیر شمبھوراج دیسائی نے کل ایک میٹنگ میں یہ اطلاع دی۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ حکومت دھنگر سماج کے مطالبات سے متعلق مثبت رویہ رکھتی ہے۔

***** **** *****

مراٹھا ریزرویشن کے مطالبے پر جالنہ کے انتر والی سراٹی میں بھوک ہڑتال پر بیٹھے منوج جرانگے پاٹل کی طبیعت بگڑ گئی ہے۔ ڈاکٹر نے کل اُن کا معائنہ کیا تاہم جرانگے پاٹل نے علاج کرانے سے انکار کر دیا ہے۔ اِسی دوران لکشمن ہاکے اور نوناتھ واگھمارے نے او بی سی ریزرویشن کے دفاع کے لیے کل سے وڈی گودری میں بے مدت بھوک ہڑتال شروع کر دی ہے۔ اِسی مطالبے پر وکیل منگیش سسانے اور اُن کے ساتھیوں نے 18 /سے انتر والی سراٹی میں بے مدت بھوک ہڑتال شروع کی ہے۔

***** **** *****

صفائی ہی خدمت اِس مہم کے تحت ناندیڑ میونسپل کارپوریشن کی جانب سے کل ناندیڑ ریلوے اسٹیشن اور کلکٹر دفتر کے احاطے میں صفائی مہم چلائی۔عوام کی شراکت سے کم و بیش 3 /ٹن کچرہ جمع کیا گیا۔ اِسی بیچ ڈویژنل منیجر نیتی سرکار کے ہاتھوں ایک پیڑ ماں کے نام مہم کے تحت کل ناندیڑ میں شجر کاری کی گئی۔

***** **** *****

عید میلاد النبی کی مناسبت سے کل پربھنی ضلع کے مختلف مقامات پر جلوس نکالے گئے۔ عید میلاد کے دوسرے دن گنپتی وِسرجن کے سبب یہ جلوس کل نکالے گئے۔ پربھنی شہر میں نکالے گئے جلوس کا اختتام عید گاہ میدان پر عمل میں آیا۔

***** **** *****

لاتور میونسپل کارپوریشن نے شہریوں کے لیے دانتوں کے علاج کی سہولت دستیاب کی ہے۔ پونے کے میسرس اِنسٹی ٹیوٹ آف ڈینٹل سائنس اینڈ ریسرچ اور لاتور میونسپل کارپوریشن کے محکمہ صحت کے درمیا ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے گئے۔ آئندہ پیر سے میونسپل کارپوریشن کے 4 ؍ابتدائی صحت مراکز پر دانتوں کے علاج کی سہولت انتہائی کم فیس پر دستیاب ہوگی۔

***** ***** *****

ریاست میں آئندہ اسمبلی انتخابات کے پُر امن اہتمام کے لیے ہنگولی ضلع انتظامیہ نے مختلف دستے تشکیل دیے ہیں۔ ہنگولی کے ضلع کلکٹر ابھینو گوئل نے کل اِن تمام انتخابی دستوں کے سربراہوں کی میٹنگ کا انعقاد کیا اور اُنھیں تال میل قائم رکھتے ہوئے کام کرنے کی ہدایت دی۔

***** ***** *****

آخر میں خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سُن لیجیے...

☆ روایتی مہارتیں بھارت کی شاندار تاریخ کی بنیاد ہیں ' پی ایم وِشوکرما اسکیم کی سالگرہ کے موقع پر وزیر اعظم کا اظہار خیال

☆ ریاستی حکومت کی آچاریہ چانکیہ فروغِ ہنرمندی مرکز اسکیم اور پُنیہ شلوک اہلیہ دیوی خواتین اسٹارٹ اَپ اسکیم کا وزیر اعظم کے ہاتھوں افتتاح

☆ جالنہ ضلع میں ایس ٹی بس اور ٹرک کے درمیان تصادم کے سبب 6؍مسافر ہلاک اور 23؍زخمی

☆ ناندیڑ کے سابق رکن پارلیمان بھاسکر راؤ پاٹل کھت گاؤنکر کانگریس پارٹی میں شامل

اور

☆ بانگلہ دیش کے خلاف پہلے ٹیسٹ کرکٹ میچ میں بھارت کو 308 ؍رنوں کی سبقت

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سُن سکتے ہیں۔

☆☆☆☆